## ایم کیوایم کے زیر اہتمام حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر شہید اور محمد خالد خان شہید کے سوئم کے موقع پر کراچی سمیت ملک بھر میں سوئم کے اجتماعات منعقد کئے گئے

## اجتماعات میں شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اور شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا

## مرکزی اجتماع نائن زیرو پر لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ہوا جس میں اجتماع دعا علامہ فرقان حیدر عابدی نے کرائی

## رابطہ کمیٹی کے اراکین، حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء، سینیٹرز، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، سابق بلدیاتی نمائندوں، علمائے کرام، اور کارکنان سمیت شہداء کے عزیز واقارب کی بڑی تعداد میں شرکت

کراچی۔۔۔5، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام جمعرات کو ایم کیوایم کے حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر شہید اور ان کے محافظ خالد خان شہید کے سوئم کے موقع پر کراچی سمیت ملک بھر میں اجتماعات منعقد کئے گئے جن میں شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی فاتحہ خوانی کی گئی اور انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ اس سلسلے کا مرکزی اجتماع کراچی میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ہوا جس میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر شہید اور ان کے محافظ خالد خان شہید کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی کی گئی اور شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ سوئم کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائم خانی، رابطہ کمیٹی کے اراکین کیف الوریٰ، سلیم تاجک، نیک محمد، مصطفیٰ کمال، گلفراز خان خٹک، یوسف شاہوانی، رضا ہارون، واسع جلیل، شعیب بخاری، اشفاق منگی، محمد شاکر، کنور نوید جمیل، حق پرست سینیٹرز، وفاقی وصوبائی وزراء، حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، سابق منتخب بلدیاتی نمائندوں، ایم کیوایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے اراکین، ایم کیوایم کے سیکٹر یونٹ کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں، سید رضا حیدر شہید کے صاحبزادے سید خرم علی، محافظ محمد خالد خان شہید کے بھائی شاہد خان، دیگر سوگواران کی بہت بڑی تعداد کے علاوہ علمائے کرام علامہ سید اظہر حسین نقوی، مولانا ریاض، سید قلب جعفری بلگرامی، مولانا شجاعت عباس کمیلی، علامہ عباس اظہر، مولانا اطہر مشہدی، علامہ علی کرار نقوی، مولانا ناصر یامین، مولانا شاہ فیروز الدین رحمانی اور شعراء، اداکاروں، فنکاروں اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ بعدازاں علامہ فرقان حیدر عابدی نے شہداء کے ایصال ثواب کیلئے اجتماعی دعا کرائی جس میں شہداء کے بلند درجات، لواحقین کیلئے صبر جمیل، دہشت گردی کے خاتمے، امن کے قیام، ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی اور استحکام کے علاوہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر، صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعا بھی کی گئی۔ بعدازاں رابطہ کمیٹی کے اراکین، حق پرست وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی نے شہداء قبرستان جاکر سید رضا حیدر شہید کی قبر پر حاضری دی اور ان کے ایصال ثواب اور مغفرت کیلئے دعا کی۔ کراچی کی طرح اندرون سندھ میں ایم کیوایم کے تمام زونل دفاتر، صوبہ پنجاب، بلوچستان اور خیبر پختونخواہ، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان میں ایم کیوایم کے دفاتر پر بھی قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد ہوئے جن میں شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اور شہداء کی مغفرت کیلئے دعائیں کی گئیں۔

## جہلم ویلی دریا میں بس گرنے کے المناک سانحہ میں متعدد افراد کی ہلاکت اور زخمی ہونے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

مظفر آباد۔۔۔5، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گھڑی دوپٹہ کے مقام پر جہلم ویلی دریا میں بس گرنے کے المناک سانحہ میں متعدد افراد کی ہلاکت اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے ہلاک ہونے والے افراد کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے افراد کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے اور زخمی افراد کو جلد ومکمل صحت یابی عطا فرمائے۔ دریں اثناء دریائے جہلم ویلی دریا میں بس گرنے کے المناک سانحہ کی اطلاع ملتے ہی آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر محمد طاہر کھوکھر جائے حادثہ پر پہنچ گئے اس موقع پر کارکنان کی ایک بڑی تعداد بھی ان کے ہمراہ تھی۔ انہوں نے ڈوبنے والے کئی افراد کو اپنی نگرانی میں جہلم ویلی دریا سے نکال کر قریبی اسپتال منتقل کیا، امدادی کارروائیوں کے دوران انہوں نے دریا سے 5 افراد کی لاشیں بھی نکالیں۔ انہوں نے دریا میں بس گرنے کے المناک سانحہ پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے جاں بحق افراد کے لواحقین سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔

## جماعت اہل سنت کے وفد کی خورشید بیگم میموریل ہال میں رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

کراچی۔۔۔05، اگست 2010ء

جماعت اہلِ سنت سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام کے نمائندہ وفد نے محمد اظہر خان کی سربراہی میں گزشتہ روز خورشید بیگم میمورل ہال عزیز آباد میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز انیس احمد قائمخانی اور رابطہ کمیٹی کے ارکان رضا ہارون اور کنور خالد یونس سے ملاقات کی۔اس موقع پر ایم کیو ایم کی علماء کمیٹی کے رکن منظر مہدی بھی موجود تھے۔وفد نے رابطہ کمیٹی کے ارکان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک میں مذہبی رواداری، فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارگی کے فروغ کیلئے جو کردارادا کررہے ہیں وہ قابل ستائش ہے۔انہوں نے حق پرست قیادت کی جانب سے شہر میں بڑے پیمانے پر ترقیاتی کاموں کو بھی زبردست انداز میں سراہااور کہا کہ شہر میں بسنے والے عوام کی بلاتفریق خدمت جناب الطاف حسین کی تعلیمات اور درس ہی کا نتیجہ ہے۔رابطہ کمیٹی نے وفد کے خیالات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم مذہبی رواداری پر یقین رکھتی ہے اور چاہتی ہے کہ ملک میں مکمل مذہبی ہم آہنگی کو فروغ ملے۔

## حق پرست ارکان سندھ اسمبلی سہیل یوسف اور محترمہ ہیر سوکا سجاول میں منار کی بند کا دورہ

## منار کی بند ٹوٹ گیا تو بڑے پیمانے پر جانی و مالی نقصان ہوسکتا ہے، مقامی افراد کی ارکان اسمبلی سے گفتگو

ٹھٹھہ۔۔۔5، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکان سندھ اسمبلی سہیل یوسف اور محترمہ ہیر سوہو نے سندھ میں آنے والے سیلابی ریلے سے متاثر ہوکر ٹوٹنے کے خدشے کا اظہار کئے جانے والے سجاول میں واقع منار کی بند کا دورہ کیا اور مقامی لوگوں سے ملاقاتیں کیں۔اس موقع پر ایم کیو ایم ٹھٹھہ زون کے زونل انچارج غلام محمد خشک اور ایم کیو ایم حیدرآباد زونل کمیٹی کے اراکین بھی ان کے ہمراہ تھے۔حق پرست ارکان اسمبلی کو مقامی لوگوں نے بتایا کہ سیلابی ریلے کے سبب منار کی بند ٹوٹ گیا تو بہت بڑنے پیمانے پر جانی و مالی نقصان ہوسکتا ہے تاہم ہماری جانب سے اعلیٰ حکام کی توجہ اس جانب مبذول کرائی گئی اور انہیں منار کی بند کے ٹوٹنے کے باعث ہونے والے نقصانات سے بھی آگاہ کیا گیا ہے۔سہیل یوسف اور محترمہ ہیر سوہو نے سجاول میں واقع منار کی بند کے مقامی لوگوں کو اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا اور انتظامیہ سے اس مسئلے پر بات چیت بھی کی۔انہوں نے وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علیشاہ سے مطالبہ کیا کہ سجاول میں واقع منار کی بند کے سیلابی ریلے سے متاثر ہوکر ٹوٹنے کے خدشے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور مقامی افراد کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

## حق پرست صوبائی وزیر نثار پہنور نے سیلاب متاثرین کیلئے لگائے گئے ریلیف کیمپوں اور

## حق پرست مشیر غلام حیدر راہو نے میٹھانی اور دادو مورو پل کا دورہ کیا

سکھر۔۔۔5، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست صوبائی وزیر نثار پہنور نے اندرون سندھ میں سیلاب متاثرین کی امداد کیلئے لگائے گئے ریلیف کیمپوں کا دورہ کیا اور متاثرین کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔اس موقع پر ایم کیو ایم سکھر زونل کمیٹی کے اراکین بھی ان کے ہمراہ تھے۔نثار پہنور نے سکھر، شکارپور، چک، غوث پور، آرائیں اور گڈو میں سیلاب متاثرین کیلئے لگائے گئے ریلیف کیمپوں میں متاثرین سے ملاقاتیں کیں اور ان سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی ہمدردی کا اظہار بھی کیا۔دریں اثناء وزیراعلیٰ سندھ کے حق پرست مشیر غلام حیدر راہو نے نوشہرو فیروز کے میٹھانی اور دادو مورو پل کا دورہ کیا اور انتظامات کا جائزہ لیا اور مقامی افراد کو اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔اس موقع پر ایم کیو ایم نوشہرو فیروز زونل کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔

## احساسِ ذمہ داری کے بغیر وفا بے معنی ہے، اے پی ایم ایس او

کراچی۔۔۔05، اگست، 2010

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے وائس چیئرمین سید طاہر حسین نے کہا ہے کہ غریب ومتوسط طبقے کو انکے جائز حقوق دلانے کے لیے جو بیج اس شہرِ قائد میں بویا گیا تھا اس کی فصل شہرِ قائد کے کونے کونے میں کاٹی گئی لیکن اسی بیج کے نتیجے میں حاصل ہونے والی فصل کے توسط سے متحدہ قومی موومنٹ اِس ملک کی تیسری بڑی جماعت کے طور پر اُبھر کر سامنے آئی ہے جس کے لیے ہمیں فخر ہے کہ اے پی ایم ایس او اِس کی بنیاد ہے۔ان خیالات کا اظہار انھوں نے لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقدہ اے پی ایم ایس او کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انھوں نے کہا کہ ساتھیو احساسِ ذمہ داری کے بغیر وفا بے معنی ہے اور جب تک احساس نہ ہوگا تب تک ہم منزل تک پہنچنا تو دور منزل کے راستے کی دھول تک بھی نہیں پہنچ سکیں گے،ہمیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے خود احتسابی کے عمل سے خود کو گزارنا ہوگا اور نظم وضبط کے اصولوں کو اپنا نصب العین بنا کر تحریک کے تقاضوں کو پورا کرنا ہوگا تب ہی ہم اچھی اولاد، اچھا طالبِ علم اور الطاف حسین کا سچا وفادار کارکن بن سکتے ہیں۔ سیکریٹری جنرل فرحان شمس نے کہا کہ ساتھیو ہمیں بحثیت اولاد، طالب علم اور کارکن اپنے والدین، اساتذہ اور قائدِ تحریک کی اُمیدوں پر پورا اترنا ہوگا اور اپنے عمل وکردار سے تحریک کی جانب سے دی گئی ذمہ داری کا مان رکھنا ہوگا۔انھوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ اپنی صفوں میں تنظیمی نظم وضبط کا بھرپور خیال رکھیں اور تحریک کی دی گئی ہدایات کے مطابق قائد تحریک کا دستِ بازو بنیں۔ جوائنٹ سیکریٹری توصیف اعجاز نے کہا کہ تحریک کو گزشتہ تین دہائیوں سے بہت سے مصائب ومشکلات اور شہادتوں کا سامنا کرنا پڑا ہے لیکن اس کے باوجود بھی اسکی کامیابیوں اور خدمت الناس کا تسلسل برقرار ہے اور وہ وقت دور نہیں جب قائد تحریک کی رہنمائی میں ہم منزل تک پہنچنے میں ضرور کامیاب ہوں گے۔اس موقع پر اے پی ایم ایس او کی وائس چیئرپرسن اسرٰی طفیل ومرکزی کابینہ کے اراکین سمیت کارکنان کی بڑی تعداد موجود تھی۔

☆☆☆☆☆